11مارچ2024ء

# اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک، 1445 ہجری کے دوران دفتری اور کاروباری اوقات کا اعلان کر دیا

رمضان المبارک 1445 ھ کے مقدس مہینے کے دوران بینک دولت پاکستان میں مندرجہ ذیل دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا جن پر تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائکرو فنانس بینک بھی عمل کریں گے:

پیر تا جمعرات: **صبح نو بجے سے سہ پہر ساڑھے تین بجے تک** جبکہ **دو سے ڈھائی بجے تک** نماز کا وقفہ ہو گا

جمعہ: **صبح ساڑھے آٹھ بجے** سے **دوپہر ایک بجے تک** بلا وقفہ

تاہم مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ عوام سے لین دین کے لیے مندرجہ ذیل کاروباری (بینکاری) اوقات پر عمل کیا جائے:

پیر تا جمعرات: **صبح نو بجے** سے **دوپہر دو بجے تک** بلا وقفہ

جمعہ: **صبح ساڑھے آٹھ بجے** سے **دوپہر ایک بجے تک** بلا وقفہ

رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے بعد وہی اوقات کار لاگو ہو جائیں گے جو رمضان المبارک سے پہلے نافذ تھے۔

*****